www.saharaexpressdaily.com saharaexpressranchi@gmail.com saharaexpress123@gmail.com saharaexpressnews@gmail.com

Urdu Daily Published From Ranchi,Patna & Delhi





روزنامہ
رانچی
سہارا ایکسپریس
SAHARA EXPRESS,RANCHI

No-1 SE

RNI.NO.JHURD/2012/45029 Vol:13 Issue:168 24.06.2024 MONDAY Re.01 Page:08

جلد نمبر:13 شمارہ:168/سوموار/ ۲۴/جون/ ۲۰۲۴/مطابق/ ۱۷/ذی الحجہ ۱۴۴۵ھ/ صفحات:08












# وزیراعلیٰ نے بروڈیہ ڈیم کو قومی سطح کے سیاحتی مقام کے طور پر ترقی دینے کے لئے عہدیداروں کو دیں رہنما ہدایات



رانچی،23جون (اسٹاف رپورٹر) جھارکھنڈ وزیراعلیٰ چمپائی سورین نے آج مشرقی سنگھ بھوم ضلع میں بروڈیہ ڈیم کا دورہ کیا۔معائنہ کے دوران وزیراعلیٰ نے بروڈیہ ڈیم کو قومی سطح پر ایک بہترین سیاحتی مقام کے طور پر ترقی دینے کے سلسلے میں عہدیداروں کو کئی اہم ہدایات دیں۔ اس موقع پر موجود گاؤں والوں سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہماری حکومت ریاست میں کئی نئے سیاحتی مقامات کو فروغ دینے کے لیے پرعزم ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ جھارکھنڈ قدرتی خوبصورتی کے نقطہ نظر سے کافی پرکشش ریاست ہے۔ یہاں سیاحت کے قوی امکانات ہیں، یہی وجہ ہے کہ ہماری حکومت ریاست میں شناخت کیے گئے کئی مذہبی اور روحانی مقامات اور پہاڑ، ڈیم، آبشار وغیرہ جیسے پرکشش مقامات کو تیار کرنے کے مقصد سے ایک ایکشن پلان تیار کر رہی ہے۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ جھارکھنڈ تحریک کے دوران میں خود جنگلات سے گھرے اس تاریخی بروڈیہ ڈیم کی خوبصورتی سے بخوبی واقف ہوں، میرے ذہن میں یہ بات پہلے سے تھی کہ اس ڈیم کی ہمہ گیر ترقی ہونی چاہیے۔ ہماری حکومت اس ڈیم کا پانی بروڈیہ کے آس پاس کے علاقے کے کسانوں کو فراہم کرنے کے مقصد کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہماری حکومت ہر شعبے میں ترقی کی ایک لمبی لکیر کھینچنے کی مسلسل کوشش کر رہی ہے۔













# سی بی آئی نے نیٹ امتحان میں مبینہ بے ضابطگیوں کا معاملہ درج کیا

نئی دہلی، 23 جون (یواین آئی) مرکزی تفتیشی بیورو (سی بی آئی) نے مرکزی وزارت تعلیم کی تحریری شکایت کی بنیاد پر قومی اہلیت مع داخلہ ٹیسٹ (این ای ای ٹی) (یو جی) میں مبینہ بے ضابطگیوں کے سلسلے میں فوجداری مقدمہ درج کیا ہے۔ سرکاری ذرائع نے اتوار کے روز یہاں یہ اطلاع دی۔ ذرائع نے بتایا کہ ایف آئی آر میں یہ الزام لگایا گیا ہے کہ 5 مئی کو نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی (این ٹی اے) کے ذریعہ منعقدہ این ای ای ٹی (یو جی) 2024 کے امتحان کے دوران کچھ ریاستوں میں مختلف واقعات پیش آئے۔ یہ امتحان 14 غیر ملکی شہروں سمیت 571 شہروں میں 750,4 مراکز پر منعقد کیا گیا تھا۔ امتحان میں 23 لاکھ سے زیادہ امیدواروں نے شرکت کی تھی۔ انہوں نے کہا کہ وزارت تعلیم نے سی بی آئی سے درخواست کی ہے کہ وہ مبینہ بے ضابطگیوں بشمول سازش، دھوکہ دہی، نقالی، اعتماد شکنی اور امیدواروں، اداروں اور دلالوں کے ذریعہ ثبوتوں کو تباہ کرنے اور بے ضابطگیوں کی کوششوں سمیت پورے معاملے کی جامع تحقیقات کرے۔ وزارت تعلیم نے سی بی آئی سے درخواست کی ہے کہ امتحان کے انعقاد سے منسلک سرکاری ملازمین کے رول، اگر کوئی ہو، کی تحقیقات کرے اور واقعات کے مکمل دائرہ کار اور بڑی سازش کی جانچ کرے۔ اس کے مطابق سی بی آئی نے فوجداری مقدمہ درج کر کے چھان بین شروع کر دی ہے۔ سی بی آئی کی طرف سے خصوصی ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں تا کہ مقدمے کی تحقیقات کی جا سکیں اور ان ٹیموں کو پٹنہ اور گودھرا بھیجا جا رہا ہے جہاں مقامی پولس نے مقدمات درج کیے ہیں۔

## یو جی سی پیپر لیک معاملے کی جانچ کرنے پہنچی سی بی آئی ٹیم پر حملہ، چار گرفتار




نوادہ، 23 جون (نمائندہ) یو جی سی نیٹ پیپر لیک معاملے کی جانچ کے لیے دہلی سے بہار کے نوادہ پہنچی مرکزی تفتیشی بیورو (سی بی آئی) کی ٹیم پر حملے کے سلسلے میں پولیس نے چار لوگوں کو گرفتار کر لیا۔ پولیس سپرنٹنڈنٹ امبریش راہل نے یہاں بتایا کہ یو جی سی نیٹ پیپر لیک معاملے میں ہفتہ کو سی بی آئی کی ٹیم نوادہ ضلع کے راجولی پولیس اسٹیشن کے کسیاڈیہ گاؤں پہنچی تھی۔ پیپر لیک میں ملوث ایک شخص کے موبائل لوکیشن کی بنیاد پر سی بی آئی کی ٹیم کسیاڈیہ پہنچی تھی، لیکن گاؤں والوں نے سی بی آئی کی ٹیم کو فرضی قرار دیتے ہوئے ٹیم کی پٹائی کی۔ گاڑیوں کی

## این ای ای ٹی امتحان معاملے میں دیوگھر سے چھ لوگوں کو حراست میں لیا گیا

رانچی، 22 جون (یواین آئی) ملک میں این ای ای ٹی کا سوالیہ پیپر لیک ہونے کے معاملے میں بہار اکنامک آفنس یونٹ (ای او یو) کی ٹیم نے جھارکھنڈ کے دیوگھر سے چھ ملزمین کو حراست میں لیا ہے۔ پولیس ذرائع نے آج یہاں بتایا کہ سبھی ملزمین بہار کے نالندہ کے رہنے والے ہیں، یہ سبھی دیوگھر ایمس کے قریب دیوی پور تھانہ علاقے کے ایک کمرے میں مزدور کے طور پر رہ رہے تھے۔ ذرائع کے مطابق ان میں سے ایک کا نام چنٹو ہے۔ دیوگھر پولیس کے مطابق دیوی پور تھانے کی مدد سے بہار ای او آئی ٹیم نے جھونو سنگھ کے گھر پر چھاپہ مارا اور ان چھ لوگوں کو حراست میں لے لیا۔

## بہار میں ایک اور پل منہدم

موتیہاری 23 جون (نمائندہ) بہار کے مشرقی چمپارن ضلع کے گھوڑاسہن بلاک میں امواں کنڈوا چاند پور روڈ پر ہفتہ کی رات ایک زیر تعمیر پل گر گیا۔ بہار میں ایک ہفتہ کے اندر ارریہ اور سیوان کے بعد مشرقی چمپارن ضلع کے گھوڑاسہن بلاک میں زیر تعمیر پل گر گیا۔ پردھان منتری گرام سڑک یوجنا کے تحت امواں کنڈوا چاند پور روڈ پر بنایا جا رہا 18 میٹر لمبا پل ہفتے کی رات اپنے دو اسپین میں سے ایک کی ڈھلائی کے فوراً بعد گر گیا۔ یہ واقعہ اسپین کی ڈھلائی کے چند گھنٹے بعد پیش آیا تاہم موقع پر کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ ڈھاکہ میں تعینات رورل ورکس ڈیپارٹمنٹ (آر ڈبلیو ڈی) کے ایگزیکٹو انجینئر ایس این منڈل نے دعویٰ کیا کہ کچھ سماج دشمن عناصر نے پل کے نئے تعمیر شدہ حصے کی سنٹرنگ میں خلل ڈالا تھا جس کی وجہ سے پل منہدم ہو گیا۔ انہوں نے کہا کہ توڑ پھوڑ میں ملوث پائے جانے والوں کے خلاف ایف آئی آر درج کی جائے گی۔ ادھر مقامی لوگوں نے الزام لگایا کہ پل کی تعمیر میں خراب میٹریل کا استعمال کیا گیا جس کی وجہ سے پل گر گیا۔ گاؤں والوں نے پل گرنے کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔

## سارن میں نکسلی پریم مانجھی گرفتار


چھپرہ، 23 جون (نمائندہ) ضلع سارن کے امانور تھانہ اور اسپیشل ٹاسک فورس (ایس ٹی ایف) کی مشترکہ ٹیم نے نکسلی پریم مانجھی عرف رام دیو مانجھی کو گرفتار کر لیا۔ سارن کے پولس سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر کمار آشیش نے اتوار کے روز یہاں بتایا کہ ضلع کے ڈیرنی تھانہ علاقہ کے سلطان پور گاؤں کے رہنے والے نکسلائٹ پریم مانجھی عرف رام دیو مانجھی کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ گرفتار نکسلی کے خلاف ضلع سارن کے مختلف تھانہ علاقوں میں نکسلی واقعات سے متعلق چھ معاملے درج ہیں۔ پولس سپرنٹنڈنٹ نے بتایا کہ گرفتار نکسلی سے پوچھ گچھ کی جا رہی ہے۔

## پٹنہ میں پراپرٹی ڈیلر کو گولی مار کر ہلاک کر دیا گیا

پٹنہ، 23 جون (اسٹاف رپورٹر) پٹنہ ضلع کے عالم گنج تھانہ علاقے میں اتوار کی صبح مجرموں نے ایک پراپرٹی ڈیلر کو گولی مار کر ہلاک کر دیا۔ پولیس ذرائع نے یہاں بتایا کہ پراپرٹی ڈیلر ارون کمار (40) کو جلا روڈ پر مالیہ مہادیو مندر کے قریب مجرموں نے گولی مار کر ہلاک کر دیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ لاش پوسٹ مارٹم کے لیے بھیج دی گئی ہے۔ معاملے کی جانچ کی جا رہی ہے۔

## نیٹ پی جی داخلہ امتحان ملتوی

نئی دہلی، 23 جون (یواین آئی) مرکزی حکومت نے اعلیٰ طبی تعلیم کے لیے قومی اہلیت-کم-داخلہ ٹیسٹ پوسٹ گریجویٹ (نیٹ پی جی داخلہ) امتحان ملتوی کرنے کا اعلان کیا ہے مرکزی وزارت صحت اور خاندانی بہبود نے ہفتہ کو یہاں یہ بات کہی نیشنل ایگزامینیشن بورڈ کے نیٹ پی جی کے امتحان کو ملتوی کر دیا گیا ہے۔ امتحان کی نئی تاریخوں کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔ نیٹ پی جی کا داخلہ امتحان کل 23 جون کو ہونا تھا۔ وزارت نے کہا ہے کہ کچھ حالیہ داخلہ امتحانات میں بے ضابطگیوں کے واقعات کے پیش نظر اس امتحان کو ملتوی کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ وزارت نے کہا ہے کہ امتحان کے پورے عمل کو جانچ پڑتال کے تحت رکھا جائے گا اور جلد ہی نئی تاریخوں کا اعلان کیا جائے گا۔ وزارت نے امتحان کی تاریخوں کو ملتوی کرنے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ فیصلہ طلباء کے مفادات اور امتحان کی شفافیت کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا گیا ہے۔




## 'والدین کی پریشانیوں کو دور کرنا حکومت کی سب سے بڑی ترجیح ہے'

نئی دہلی، 23 جون (یواین آئی) حکومت قومی اہلیت اور داخلہ ٹیسٹ (این ای ای ٹی) کے سلسلے میں والدین کے درمیان عدم اعتماد اور خدشات کو دور کرنے پر غور کر رہی ہے جس میں نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی (این ٹی اے) کی ساکھ اور امتحانات کے انعقاد کو اس کی سب سے بڑی ترجیح قرار دیا گیا ہے۔ اس کے لیے وہ اس سارے معاملے میں کچھ نہیں چھپائے گی اور پورے نظام میں یکسر اصلاحات کرے گی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ حکومت اس معاملے میں اپوزیشن کی سیاست سے بالکل بھی فکرمند نہیں ہے اور اس معاملے میں پارلیمنٹ میں اپنا موقف پیش کرنے کے لئے تیار ہے۔ کل سے شروع ہونے والے لوک سبھا انتخابات کے بعد پارلیمنٹ کے پہلے اجلاس میں وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان حقائق کے ساتھ اپوزیشن کی مہم کا جواب دیں گے۔ ذرائع نے بتایا کہ بہار حکومت کے اکنامک آفنس یونٹ (ای او یو) کی رپورٹ کی بنیاد پر 5 مئی کو بہار بھر کے مراکز سے نیٹ گریجویٹ سطح کے امتحان میں شامل ہونے والے کل 17 طلباء کو امتحان سے روک دیا گیا ہے۔ اس سے قبل ان 17 طلباء کے علاوہ گجرات کے 63 اور 30 امیدواروں کو وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیے جا چکے ہیں۔ حکومت کا ماننا ہے کہ بہار پولیس اور گجرات پولیس نے اس معاملے کی تحقیقات میں اچھا کام کیا ہے۔ بہار کے 17 طلباء کو امتحان سے نکالنے کا فیصلہ بہار اوا و یو کی رپورٹ کی بنیاد پر کیا گیا ہے۔ قابل ذکر ہے کہ ہفتہ کو مرکز کو پیش کی گئی اپنی رپورٹ میں بہار ای او یو نے کہا ہے کہ نیٹ گریجویٹ سطح کے امتحان میں واضح طور پر پیپر لیک ہوا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ سپریم کورٹ کے حکم کے مطابق، نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی (این ٹی اے) نے آج 1563 امیدواروں کا دوبارہ امتحان بھی لیا جنہیں پہلے امتحان کا وقت ضائع ہونے پر گریس نمبر دیے گئے تھے۔ ان 1563 امیدواروں میں سے صرف 813 طلباء (تقریباً 52 فیصد) دوبارہ امتحان میں شامل ہوئے۔ موصولہ اطلاعات کے مطابق چنڈی گڑھ کے دونوں امیدواروں میں سے کوئی بھی امتحان میں شامل نہیں ہوا۔

## پیپر لیک، منسوخی یا ملتوی کرنا بی جے پی حکومت کا کام کرنے کا انداز بن گیا ہے: کانگریس

نئی دہلی، 23 جون (یواین آئی) کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے اور پارٹی جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی واڈرا نے آج کہا کہ پیپر لیک ہونے کی وجہ سے بڑے اور اہم امتحانات کو منسوخ کرنا مودی حکومت کے کام کرنے کا انداز بن گیا ہے، لیکن پیپر منسوخ کرنا اور عہدیداروں کو تبدیل کرنا اس مسئلہ کا کوئی حل نہیں ہے، اس لیے اس سمت بلا امتیاز کام کرنے اور سب کے مفاد میں قدم اٹھانے کی ضرورت ہے مسٹر کھڑگے نے کہا، "این ای ای ٹی گھوٹالے میں ذمہ داری حکومت کے اعلیٰ عہدیداروں کی ہے۔ سرکاری ملازمین کو تبدیل کرنا بی جے پی کے ذریعہ تباہ شدہ تعلیمی نظام کے مسئلے کا حل نہیں ہے۔ این ٹی اے کو ایک خود مختار ادارہ کے طور پر پیش کیا گیا تھا لیکن حقیقت میں اسے بی جے پی اور آر ایس ایس کے مذموم مفادات کی تکمیل کے لیے بنایا گیا تھا۔ بی جے پی اور آر ایس ایس کے مذموم مفادات کے لیے بنائی گئی مودی حکومت کو طلبہ کو انصاف فراہم کرنے کے لیے جوابدہ ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا،" نیٹ پی جی کے امتحانات ملتوی کر دیے گئے ہیں۔ پچھلے 10 دنوں میں، چار امتحانات یا تو منسوخ یا ملتوی کر دیے گئے ہیں۔ پیپر لیک، بدعنوانی، بے ضابطگیوں اور تعلیمی مافیا نے ہمارے تعلیمی نظام کو تباہ و برباد کر دیا ہے۔ دیر سے کی گئی کارروائی اور پردہ پوشی کا اب کوئی فائدہ نہیں کیونکہ لاتعداد نوجوان اس کا شکار بن چکے ہیں۔ محترمہ واڈرا نے کہا، نیٹ-پی جی پیپر لیک، نیٹ-پی جی منسوخ، نیٹ-پی جی رد، سی ایس آئی آر-نیٹ رد۔ آج ملک کے سب سے اہم امتحانات کی یہ حالت ہے۔ بی جے پی کے دور میں پورا تعلیمی ڈھانچہ تباہ و برباد ہو گیا ہے۔ حالت یہ ہے کہ بی جے پی حکومت شفاف طریقے سے ایک امتحان کا انعقاد تک بھی نہیں کرا پا رہی ہے۔



## مشرقی چمپارن میں 2 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والا پل گرا



موتیہاری، 23 جون (نمائندہ) بہار کے مشرقی چمپارن ضلع کے گھوڑاسہن بلاک کے امواں-کنڈوا چین پور روڈ پر 2 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کیا جا رہا ایک پل گر گیا۔ سرکاری ذرائع نے اتوار کو یہاں بتایا کہ گھوڑاسہن بلاک کے امواں سے چین پور اسٹیشن جانے والی سڑک پر تقریباً 40 فٹ پل کی تعمیر کا کام چل رہا ہے، پل کی ڈھلائی سنیچر کو ہوئی تھی جو کہ رات میں ہی اچانک گر گیا۔ اس واقعہ میں کسی جانی نقصان کی کوئی اطلاع نہیں ہے۔ واضح رہے کہ بہار میں ایک ہفتے کے اندر یہ تیسرا پل گرنے کا واقعہ ہے۔ اس سے قبل ارریہ ضلع میں بکراندی پر 12 کروڑ روپے کی لاگت سے زیر تعمیر پل کا ایک حصہ منگل کو گر گیا تھا۔ وہیں سیوان ضلع کے دارونڈا بلاک کے رام گڑھا پنچایت میں گنڈک نہر پر بنایا گیا پل ہفتے کے روز گر گیا تھا۔







# मेडिवेल हॉस्पिटल

# MEDIWELL HOSPITAL

## सुविधाएँ

| | |
|---|---|
| विशेषज्ञ डॉक्टर्स | आकशिमक सेवा |
| सभी तरह की सर्जरी | हड्डी एवं नस रोग |
| अल्ट्रासोनोग्राफी | डीजीटल एक्स-रे |
| पैथोलोजी | वैक्सीनेशन |
| इ.सी.जी | आई.सी.यू |
| इकोकार्डीयोग्राफी | मोर्डन ओटी |

स्त्री एवं प्रसुती रोग की सारी सुविधाएँ

**Contact : 06513564410**

कडरू, राँची-2

روزنامہ رانچی سہارا ایکسپریس
SAHARA EXPRESS,RANCHI

## ایک امتحان کے نتائج نے ملک کے تعلیمی شعبے میں جاری بدعنوانی کا پردہ کیسے چاک کیا؟

انڈیا میں میڈیکل کالجوں میں داخلے کے امتحانات (این ای ای ٹی) میں بے ضابطگیوں اور پرچہ لیک ہونے کی شکایتوں کے بعد 18 جون کو پی ایچ ڈی اور فیلوشپ کی اہلیت کے لیے ہونے والے امتحان نیٹ (این ای ٹی) بھی پرچہ لیک ہونے کی وجہ سے رد کر دیا گیا ہے۔اس درمیان این ای ای ٹی (پی جی) کا آج یعنی 23 جون بروز اتوار ہونے والا امتحان بھی حفظِ ماتقدم کے طور پر ملتوی کر دیا گیا ہے۔ان تمام امتحانوں میں بے ضابطگیوں سے لاکھوں طلبہ اور ان کے اہلِ خانہ متاثر ہوئے ہیں اور ان امتحانات کو کروانے والے ادارے نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی (این ٹی اے) کی قابلیت پر سوال اٹھایا جانے لگا ہے۔ہر جانب سے سوال اٹھائے جانے کے بعد حکومت نے این ٹی اے کے سربراہ کو ان کے عہدے سے برخاست کر دیا ہے اور حکومت نے مقابلے کے امتحانات میں اصلاحات کے لیے ایک کمیٹی تشکیل دی ہے۔اس کے ساتھ ہی بدعنوانی کی جانچ انڈیا کے بڑے تفتیشی ادارے سی بی آئی کو سونپی گئی ہے۔دریں اثنا مرکزی حکومت نے پیپر لیک کے معاملات کو روکنے کے لیے بنائے گئے قانون کو نافذ کر دیا ہے۔مرکزی حکومت نے جمعہ (21 جون) کی شام اس قانون کا نوٹیفکیشن جاری کیا۔ نئے قانون کے تحت جرم ثابت ہونے پر 10 سال تک کی قید اور ایک کروڑ روپے تک کا جرمانہ ہوسکتا ہے۔وزیراعظم نریندر مودی کی حال ہی میں دوبارہ منتخب ہونے والی حکومت پر دباؤ ڈالتے ہوئے حزبِ اختلاف کی جماعتیں اور طلبا گروپوں نے امتحانات میں بے ضابطگیوں کے خلاف ملک بھر میں احتجاجی مظاہرے کیے ہیں۔رواں سال 24 لاکھ بچوں نے رجسٹریشن کروائی جن میں سے 23 لاکھ سے زیادہ طلبہ نے مقابلے کے امتحان میں شرکت کی۔ چار جون کو قبل از وقت نتائج کا اعلان کیا گیا جس میں پہلے کے مقابلے میں بہت زیادہ بچوں کے پورے نمبر آئے جس سے اچھے نمبر حاصل کرنے والوں کا بھی داخلہ مشکل نظر آنے لگا ہے۔اس کے بعد سے ہی امتحان کے پرچہ میں غلطیوں سے لے کر غیر ضروری گریس مارکس اور دیگر دھاندلیوں کی وجوہات کی بنا پر یہ جانچ کے دائرے میں آ گیا۔ بہر حال وفاقی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے اعتراف کیا ہے کہ کچھ بے ضابطگیاں سامنے آئی ہیں اور پھر بڑھتے ہوئے دباؤ اور شدید تنقید کے درمیان این ٹی اے کے سربراہ سبودھ کمار سنگھ کو ہفتے کے روز برطرف کر دیا گیا۔دریں اثنا یہ بات سامنے آئی کہ پی ایچ ڈی فیلوشپس کے لیے کوالیفائنگ امتحان (نیٹ) کا پرچہ ڈارک ویب پر لیک ہوا ہے جس کی وجہ سے اسے منسوخ کر دیا گیا۔انھوں نے کہا کہ 'کم ازکم ایک دہائی سے پرچے لیک ہوتے رہے ہیں لیکن اس طرح کی بدعنوانی پہلے کبھی نہیں دیکھی گئی۔' پروفیسر جھا نے کہا کہ 'مرکز میں حکمراں جماعت بی جے پی کا کرپشن کے خلاف دعویٰ کھوکھلا نکلا۔ان کا نعرہ رہا ہے کہ 'نہ کھائیں گے اور نہ کھانے دیں گے' لیکن تعلیم کے شعبے میں بدعنوانی نے اپنے ڈنک چاروں طرف پھیلا رکھے ہیں۔'بہار سے تعلق رکھنے والے کملا نند جھا نے کہا کہ ہماری میتھلی زبان میں ایک کہاوت ہے کہ چور بولے زور سے اور ایسا ہی کچھ حال یہاں نظر آ رہا ہے کہ سارے بلند بانگ دعوے محض دعوے ہی ہیں۔انھوں نے کہا کہ ابھی کچھ دنوں سے این ای ای ٹی کا معاملہ جاری تھا ہی کہ نیٹ کا معاملہ سامنے آیا اور امتحان رد کر دیا گیا۔ انھوں نے ایسا اس لیے کیا کہ ان سے اپوزیشن سوال کرے گی انھوں نے کہا کہ 'کچھ ایسی بے ضابطگیاں ہوئیں جن کا کوئی جواز پیش نہیں کیا جاسکتا ورنہ آپ جانتے ہی ہیں کہ بی جے پی کی حکومت اپنی غلطی تسلیم ہی نہیں کرتی ہے لیکن اس معاملے میں وہ بھی مجبور ہوگئی ہے۔' مثال کے طور پر امتحان میں کسی کے یا تو 720 نمبر آئیں گے یا پھر 716 یا 715 آئیں گے۔ 719 یا 718 آ ہی نہیں سکتے کیونکہ ایک سوال چار نمبر کا ہوتا ہے اور اگر آپ نے وہ سوال غلط کیا تو آپ کا مزید ایک نمبر کاٹ لیا جاتا ہے۔کملا نند جھا نے مزید کہا کہ داخلے کے مقابلہ جاتی امتحانات میں دنیا میں کہیں بھی گریس مارکس نہیں دیے جاتے ہیں۔لیکن یہاں دیا گیا اور دلیل یہ دی گئی کہ امتحان شروع ہونے میں تاخیر ہوئی تھی۔تو اس کے لیے اضافی وقت دیا جاتا ہے نہ کہ گریس مارکس اس سے قبل گذشتہ سال دو بچوں کو پورے نمبر آئے تھے جبکہ اس سے قبل کوئی بھی پورے نمبر حاصل نہیں کر سکا تھا۔ داخلے کے امتحان کی تاریخ میں پہلی بار پورے نمبر سنہ 2020 میں آئے تھے۔انھوں نے امتحان لینے والے ادارے نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی (این ٹی اے) پر بھی سوال اٹھایا اور کہا کہ 'جب یہ ادارہ بنایا جارہا تھا تو ہم لوگوں نے اس کی مخالفت کی تھی کہ آپ سارے ملک کے امتحانات کو کسی ایک ادارے کے حوالے کیسے کر سکتے ہیں۔ پہلے یو جی سی اور دیگر سکاری بورڈ امتحان لیا کرتے تھے اور ان کی اخلاقی ذمہ داری بھی ہوا کرتی تھی لیکن اب ایسا نہیں ہے۔'

# پھر ان شاہین بچوں کو بال و پر دے

ڈاکٹر سراج الدین ندوی، چیرمین ملت اکیڈمی۔بجنور۔9897334419

کسی ملک اور قوم کی ترقی میں جہاں بزرگوں کی تجربہ کاری، ان کی حکمت و دانائی اور نوجوانوں کے ولولے اور جوش وجنون اہم رول ادا کرتے ہیں وہیں بچوں کی معصوم تمناؤں، ان کے خون پسینے کے قطروں سے ہر اجتماعیت اور تحریک کو بڑھاوا ملتا ہے۔یہی وجہ ہے کہ اللہ کے رسولؐ بچوں کو بڑی اہمیت دیتے تھے کیونکہ یہی بچے آگے چل کر نوجوان اور بزرگ بنتے ہیں۔ملک وقوم کی قیادت انہیں کے کاندھوں پر آتی ہے۔



آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے''اپنی اولاد کی عزت کرو'' پھر فرمایا:۔''والدین کا اپنی اولاد کو بہترین تحفہ اس کی تعلیم وتربیت ہے''۔آپ ﷺ نے فرمایا کہ جب بچہ پیدا ہو تو اس کے کانوں میں اذان اور تکبیر کہا کرو تا کہ سب سے پہلے نیکی کی بات ہی کان میں پڑے۔آپ ﷺ بچوں کے لیے دعا بھی کرتے تھے کہ''اے اللہ! میں ان سے محبت کرتا ہوں تو بھی ان سے محبت کر''۔آپ ﷺ کے پاس جب بھی نیا پھل آتا تو آپ ﷺ محفل میں موجود سب سے چھوٹے بچے کو پہلے دیتے۔آپ ﷺ فرمایا کرتے تھے کہ ''بچوں کو چوما کرو کہ اس کے عوض تم کو جنت میں بدلہ ملے گا'' آپؐ یہ بھی فرماتے:۔''جو بچوں کے ساتھ شفقت اور رحم نہیں کرتا وہ ہم میں سے نہیں''۔

بچوں سے محبت کرنا سیرت کا ایک اہم باب ہے۔اس ضمن میں بے شمار واقعات سیرت کی کتابوں میں درج ہیں۔ایک دفعہ آپ ﷺ اپنے نواسوں حضرت حسنؓ اور حضرت حسینؓ کو چوم رہے تھے تو ایک بدو نے دیکھ کر کہا:'' اے رسول خدا! میرے 10 بچے ہیں میں نے انہیں کبھی نہیں چوما'' آپ ﷺ نے فرمایا:۔''اگر اللہ نے تمہارے دل سے رحمت نکال لی ہے تو میں کیا کر سکتا ہوں''۔پھر ایک موقع پر فرمایا کہ:''جو رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جاتا۔'' نماز پڑھاتے وقت اگر کسی بچے کے رونے کی آواز آپ ﷺ سن لیتے تو نماز مختصر کر دیتے اور فرمایا کرتے کہ'' اس کا رونا اس کی ماں پر گراں گزرتا ہے۔''

آپ ﷺ کے اندر بچوں کے لیے ماں سے بھی بڑھ کر محبت والا دل تھا۔حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا:''میں نے رسول کریم ﷺ سے بڑھ کر بچوں کے ساتھ حسنِ سلوک کرنے والا کوئی نہیں دیکھا۔'' آپؐ فرمایا کرتے تھے:۔''میں 10 سال تک آپ ﷺ کی خدمت میں رہا۔آپ ﷺ نے مجھے ان دس سالوں میں ایک دفعہ بھی نہیں جھڑکا۔''ایک دفعہ عید کے روز ایک بچہ راہ میں افسردہ کھڑا تھا۔آپ ﷺ نے محسوس کر لیا کہ یہ دوسرے بچوں کو حسرت سے دیکھ کر رو رہا ہے کہ ان کے ماں باپ ہیں اس لئے ان بچوں نے نئے کپڑے پہنے ہیں۔آپ ﷺ اس بچے کو گھر لے گئے۔ نئے کپڑے دیے، نیا جوتا دیا اور فرمایا:''آج سے محمد ﷺ تمہارے باپ، عائشہؓ تمہاری ماں اور فاطمہؓ تمہاری بہن ہے۔''

پیارے آقا ﷺ بچوں کو گود میں اٹھاتے، ان کو بوسہ دیتے، سینہ سے لگاتے، ان کے لیے دعائیں کرتے، ان کو دین کی باتیں سکھاتے۔اس حسن سلوک کی وجہ سے بچوں کو بھی آپ ﷺ سے بے پناہ محبت تھی۔ بچے جب آپ ﷺ کو دیکھتے تو خوشی اور شوق سے بھاگ کر آتے اور آپ ﷺ باری باری ان کو گود میں اٹھا کر پیار کرتے۔آپ ﷺ کی عادت تھی کہ ہمیشہ بچوں کو خود پہلے سلام کرتے۔ان سے پاکیزہ مذاق بھی کرتے اور نیک اور اچھی باتیں بھی بتاتے۔ایک دفعہ آپ ﷺ کے نواسے نے کسی بچے کو اونٹ پر سوار دیکھ کر کہا:۔''مجھے بھی اونٹ پر بیٹھنا ہے۔'' آپؐ نے انھیں کاندھے پر سوار کر کے اونٹ کی طرح چلنا شروع کر دیا۔کسی نے دیکھ کر کہا:۔''کتنی پیاری سواری ہے'' تو آپ ﷺ نے فوراً فرمایا''سوار بھی تو کتنا پیارا ہے''

اسلام کی ترقی میں بھی بچوں نے ہمیشہ نمایاں کردار ادا کیا ہے انہوں نے اپنے خون اپنے جوش اور اپنے حوصلوں سے نہ صرف اسلام کو آگے بڑھایا بلکہ سرد خونوں میں گرمی پیدا کی اور جوانوں اور بوڑھوں کو بھی غیرت دلائی۔ ذرا اپنی آنکھیں بند کیجئے اور تصورات کی دنیا میں اب سے 1450 سال پہلے کی تاریخ پر نظر ڈالیے جب اسلام کو قبول کرنا اژدہے کے منہ میں ہاتھ دینے کے مترادف تھا۔

اسلام کا پیغام قریب ترین لوگوں تک پہنچانے کے لیے رسول خدا اپنے خاندان کو کھانے پر مدعو کرتے ہیں۔فراغت کے بعد آپ اہل خاندان کے سامنے خدا کا پیغام پیش کرتے ہیں۔انہیں بت پرستی ترک کرنے اور الٰہ واحد کی عبادت کی تلقین کرتے اور آخرت کے عذاب سے ڈراتے ہیں اور فرماتے ہیں:۔''کون ہے جو کانٹوں بھری اس راہ میں میرا ساتھ دے گا؟'' خاندان کے تمام لوگ خاموش بیٹھے ہیں گویا انہیں سانپ سونگھ گیا ہے۔ایک گوشے سے دھیمی سی آواز سنائی دیتی ہے۔:''اگرچہ میں بیمار ہوں، میری آنکھیں آئی ہوئی ہیں، میری ٹانگیں پتلی ہیں اور میری عمر بہت کم ہے لیکن اے رسول خدا ﷺ میں ہر حال میں آپ کا ساتھ دوں گا۔'' یہ آواز کس کی تھی؟ کسی عمر رسیدہ کی؟ کسی جوان کی؟ نہیں!! بلکہ ایک بچے کی جس کی عمر صرف سے 10۔11 سال تھی۔اس بچے نے خدا اور رسول کا ساتھ دینے کا عہد اس وقت کیا جب کہ سرداران قریش بھی خاموش رہے۔اس بچے کو اسلامی تاریخ حضرت علیؓ کے نام سے جانتی ہے۔جنھوں نے زندگی بھر اپنے عہد کو نبھایا۔ہر نازک موقع پر اسلام کی خاطر اپنی جان پر کھیلے اور اسلامی ریاست کے چوتھے خلیفہ مقرر ہوئے۔

غزوہ بدر کی تیاریاں ہو رہی ہیں۔مکے کے مشرکوں نے مدینے پر حملے کی ٹھان رکھی ہے۔پیارے نبیؐ اپنے دفاع کے لیے اسلامی لشکر لے کر بدر کی طرف بڑھ رہے ہیں۔11،12 سال کا ایک بچہ عمیرؓ چھپ کر پیچھے پیچھے چل رہا ہے۔ بھائی کی نظر پڑتی ہے تو پوچھتے ہیں:۔''تم کیوں چھپ کر چل رہے ہو؟'' بچہ جواب دیتا ہے:۔''مجھے یہ ڈر ہے کہ اگر رسول خدا کی نظر مجھ پر پڑ گئی تو وہ کم عمری کی وجہ سے مجھے واپس کر دیں گے اور جہاد میں شرکت کی اجازت نہ دیں گے جبکہ میں اللہ کے راستے میں لڑنا چاہتا ہوں۔'' چھوٹے بھائی کے جذبات دیکھ کر بڑے بھائی کو مسرت ہوتی ہے۔

اچانک حضور اکرمؐ کی نظر عمیرؓ پر پڑتی ہے۔آپ دیکھتے ہی واپسی کا حکم دیتے ہیں اور فرماتے ہیں:۔''اے بچے تم واپس جاؤ جب بڑے ہو جاؤ گے تو لڑنے آنا کیونکہ جنگ بچوں کا کھیل نہیں ہے یہ تو بڑوں کے لیے بھی نہایت سخت اور مشکل ہے۔'' یہ سن کر عمیر غم کی تصویر بن جاتے ہیں اور اپنی بات منوانے کے لیے وہ حربہ استعمال کرتے ہیں جو عموماً چھوٹے بچے ایسے موقع پر استعمال کرتے ہیں یعنی حضور اکرم ﷺ کے سامنے رو پڑتے ہیں۔یہ دیکھ کر حضور اکرمؐ کا دل بھر آتا ہے۔آپ کی آنکھوں میں آنسو تارے بن کر چمکنے لگتے ہیں اور اس بچے کو جنگ میں شرکت کی اجازت مرحمت فرما دیتے ہیں۔یہ نو عمر بچہ بڑی جاں بازی سے لڑتا ہے اور جام شہادت نوش کر لیتا ہے۔ایک سال بعد مکہ کے مشرکین دوبارہ مدینے پر یلغار کرتے ہیں۔حضور اکرم اپنے ساتھیوں کو لے کر ان کے مقابلے کے لیے نکلتے ہیں۔ جہاد میں شرکت کے لیے دو کمسن نوجوان بھی خوشی خوشی جا رہے ہیں۔آپ دیکھتے ہیں تو واپس ہونے کا حکم دیتے ہیں۔ان میں ایک رافع بن خدیج ایڑیوں کے بل کھڑا ہو جاتا ہے اور کہتا ہے:۔''اے اللہ کے رسولؐ میں تو بڑا ہوں'' پیارے نبی کو اس کی ادا پر پیار آجاتا ہے اور آپ اسے اجازت دے دیتے ہیں۔تبھی ایک دوسرا نوجوان سمرہ بن جندب دوڑا دوڑا آتا ہے اور کہتا ہے:۔''اللہ کے رسول اگر آپ نے رافع کو جنگ میں شرکت کی اجازت دے دی ہے تو مجھے بھی اجازت دے دیجئے میں تو اس سے زیادہ طاقتور ہوں میں کشتی میں بھی اس کو پچھاڑ سکتا ہوں۔'' پیارے نبیؐ دونوں کی کشتی کراتے ہیں۔سمرہ بن جندب واقعی رافع بن خدیج کو پچھاڑ دیتے ہیں اور اللہ کے رسول سمرہ بن جندب کو بھی شرکت کی اجازت مرحمت فرما دیتے ہیں۔ضرورت ہے کہ ہم اپنے بچوں پر توجہ دیں۔اچھی تعلیم کے ساتھ ان کی دینی تربیت کریں۔شروع ہی سے انہیں اللہ کے دین کا سپاہی بنائیں تاکہ وہ برے ماحول سے بچ کر اپنی صلاحیتوں کا تعمیری استعمال کر سکیں اور معاشرے میں نیکیوں کے فروغ اور برائیوں کے خاتمے کے لیے موثر کردار ادا کر سکیں۔

# آہ! حافظ غلام رسول رضوی
## ایک خوددار و معتبر صحافی دنیا سے چل بسا!

تحریر: جاوید اختر بھارتی



موت اس کی ہے جس کا زمانہ کرے افسوس،، یوں تو دنیا میں سبھی آئے ہیں مرنے کے لئے ،، موت ایک ایسی حقیقت ہے کہ جسے دنیا کا کوئی مذہب، کوئی سماج، کوئی طبقہ جھٹلا نہیں سکتا سب کا اتفاق ہے کہ کل نفس ذائقۃ الموت کے تحت ہر نفس کو موت کا سامنا کرنا ہے ہر ذی روح کو موت کا مزا چکھنا ہے،، اور یہ بھی حقیقت ہے کہ موت واقع ہونے پر متعلقین میت کو غم ہوتا ہے لیکن اس دنیا میں کچھ ایسی شخصیتیں بھی ابھرتی ہیں کہ جن کی موت پر اجتماعی رنج وغم ہوتا ہے اور پوری آبادی سوگوار ہو جاتی ہے مرنے والا جس شعبے سے منسلک ہوتا ہے وہ پورا شعبہ غمزدہ ہو جاتا ہے

گذشتہ دنوں ایسی ہی دنیائے صحافت کی ایک مایہ ناز شخصیت حافظ غلام رسول رضوی صاحب کا انتقال ہوا جہاں ایک طرف ریشمی نگری مبارکپور کی فضا رنج وغم میں ڈوب گئی تو محمد آباد گوہنہ، خیر آباد، بھیرہ ولید پور، چریا کوٹ وغیرہ کل ملاکر دیکھا جائے تو اعظم گڑھ اور مئوناتھ بھنجن دونوں ضلع میں غم لہر دوڑ گئی وہیں شعبہ صحافت میں بھی سناٹا چھا گیا مرحوم غلام رسول رضوی صاحب کا شمار ایک خوددار، بے داغ و بیباک اور معتبر صحافیوں میں ہوتا تھا وہ بہت ہی خوش مزاج، ملنسار، مخلص اور اخلاق مند انسان تھے، مظلوموں کی آواز تھے غریبوں، مزدوروں، بنکروں کی آواز بلند کرتے تھے صحافت کے ساتھ ساتھ ایک بہترین سماجی رہنما کی حیثیت سے بھی ان کی پہچان تھی سماجی تحریک میں بھی برابر حصہ لیا کرتے تھے ان کے اندر ایک بہت بڑی خوبی یہ بھی تھی کہ چاہے کوئی کتنا ہی پاورفل انسان ہو اس کے سامنے بھی وہ حق بات بولنے سے کبھی چوکتے نہیں تھے وہ مسلسل اس بات پر زور دیا کرتے تھے کہ عزت اور ذلت یہ اللہ کے اختیار میں ہے اس لئے جب بھی بولو تو حق بولو جب بھی لکھو تو حق بات لکھو اور اللہ پر بھروسہ رکھو دنیا تمہارا ایک بال بھی باکا نہیں کر سکتی اسی لئے لوگ ذات برادری مذہب و مسلک سے اوپر اٹھ کر ان کی قدر اور عزت کیا کرتے تھے مرحوم نے ہمیشہ سچ لکھا جھوٹے پروپیگنڈوں سے اپنے آپ کو دور رکھا زندگی میں مشکلات کا سامنا کیا مگر کبھی بھی سرمایہ دارانہ نظام سے سمجھوتہ نہیں کیا انہوں نے صحافت کو چار چاند لگایا مرحوم کے اندر بہت ساری خوبیاں تھیں انہوں نے اپنے قلم کے ذریعے اصلاح معاشرہ پر بھی زور دیا علماء کرام سے گہرے تعلقات کے ساتھ ساتھ مدارس و مساجد کے قیام اور ان کی ترقیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ



لینے پر بھی زور دیا خود الجامعۃ الاشرفیہ سے ان کا بہت گہرا تعلق تھا وہ جلالۃ العلم حضور حافظ ملت علیہ الرحمۃ کی صحبت میں بھی رہے اور عرس حافظ ملت کے موقع پر اخباروں میں خصوصی ضمیمہ کی اشاعت کا آغاز انہوں نے کرایا انہوں نے پوری زندگی اس بات پر زور دیا کہ آدھی روٹی کم کھائیں لیکن اپنے بچّوں کو تعلیم یافتہ بنائیں اپنے قلم کے ذریعے مرحوم نے مسلمانوں کو سیاسی طور پر بیدار ہونے کے لئے بار بار زور دیا مرحوم کا فیس بک پیج بھی عوام کے اندر کافی مقبول تھا جہاں ایک طرف ان کے قلم سے لکھی گئی خبریں اخباروں کے صفحات پر جگمگاتی تھیں وہیں ان کے فیس بک پیج پر بھی خبریں پڑھنے کو مل جاتی تھیں سچائی یہی ہے کہ حافظ غلام رسول رضوی صاحب کے انتقال سے صحافت کی دنیا میں ایک خلا پیدا ہو گیا ہے جو مستقبل قریب میں پر ہوتا نظر نہیں آرہا ہے یہی وجہ ہے کہ ان کے انتقال پر تعزیتی پیغام و نشستوں اور جلسوں کا سلسلہ جاری ہے لوگ ان کی حیات و خدمات کا تذکرہ کر رہے ہیں مذہبی سیاسی و سماجی شخصیات کے چہروں پر اداسی نظر آرہی ہے مرحوم نے اپنے ہر ذرائع کا استعمال قوم کی بھلائی اور قوم کے مفاد میں کیا مگر کبھی بھی کسی سے اجرت کا مطالبہ نہیں کیا جو شخص بھی اچھا کام کرتا تھا تو مرحوم اس کی حوصلہ افزائی کرتے تھے اور غلط کاموں کی کھل کر مخالفت بھی کیا کرتے تھے اس معاملے میں انہوں نے کبھی بھی بھید بھاؤ سے کام نہیں لیا اور کسی بھی معاملے میں ذاتی اغراض و مقاصد کو اپنے قریب بھٹکنے تک نہیں دیا آخر وقت تک مرحوم کا دامن بے داغ رہا اور بیباک رہا،، اللہ تبارک وتعالیٰ نے انہیں صحت سے نوازا تھا لیکن 5 مئی 2024 کو دوپہر بعد سے ان کی طبیعت ناساز ہوئی اور دیکھتے ہی دیکھتے شام تک حالت نازک ہو گئی مقامی ڈاکٹروں نے علاج کیا لیکن بگڑتی حالت کو دیکھتے ہوئے اسی رات اعظم گڑھ ریفر کر دیا وہاں دو دن علاج کے بعد لکھنؤ رام منوہر لوہیا اسپتال میں ریفر کر دیا جہاں وہ کبھی سنبھلتے رہے تو کبھی نازک حالات کا سامنا کرتے رہے بالآخر 19 جون 2024 کو شام پانچ بجے طبیعت بہت زیادہ بگڑ گئی اور ڈیڑھ مہینے تک بیڈ پر رہنے کے بعد داعی اجل کو لبیک کہا رات 12 بجے جسد خاکی کو آبائی وطن مبارکپور لایا گیا اور 20 جون 2024 کو صبح 9 بجے مرحوم کے صاحبزادے مولانا محمد شادان رضا عطاری نے نماز جنازہ پڑھائی جس میں کثیر تعداد میں علماء کرام، مدارس و مساجد کے ناظمین، ائمہ، خطباء، سیاسی و سماجی شخصیات اخبار و رسائل سے جڑی شخصیات ممبران اسمبلی قرب وجوار کے تمام اخباروں کے نامہ نگاروں نے شرکت کی اور ہزاروں افراد نے نمناک انکھوں سے سپرد خاک کیا ہر ایک کی زبان پر یہی تھا کہ آسماں تیری لحد پر شبنم افشانی کرے، اللہ کریم تیری حیات و خدمات کو قبول کرے۔

# حج میں اموات: اسباب وگزارشات

فیصل عزیز عمری

حج کی اہمیت کو سمجھنے کے لئے اتنا جاننا کافی ہے کہ یہ اسلام کی پانچ بنیادوں میں سے ایک ہے۔تاہم حج کی مشقتوں کو دیکھتے ہوئے زندگی میں صرف ایک بار ہی فرض کیا گیا ہے۔اور وہ بھی جسمانی ومالی قدرت کے ساتھ مشروط ہے۔مگر برصغیر میں یہ عجیب رواج پایا جاتا ہے کہ اکثر لوگ بڑھاپے کی حالت میں پہوچنے کے بعد ہی اس فریضہ کی ادائیگی کے بارے میں سوچتے ہیں۔جب وہ جسمانی قدرت تقریباً کھو چکے ہوتے ہیں۔جب کہ وہ لوگ جو بڑھاپے سے پہلے انتقال کر جاتے ہیں، ان میں سے بیشتر جوانی میں قدرت کے باوجود حج نہ کرنے کے گناہ عظیم کے ساتھ رخصت ہوجاتے ہیں۔کیونکہ جیسے ہی کسی کو جسمانی ومالی قدرت حاصل ہو جائے، اسے بلا تاخیر اس عظیم عبادت کو ادا کرنا چاہیے۔

زندگی کے آخری مرحلے تک حج کو موخر کرنے کے پیچھے یہ حقیقت پائی جاتی ہے کہ ہم اسلام کا نام تو لیتے ہیں مگر اسلام کے مطابق اپنی زندگی گزارنا نہیں چاہتے یا اسلامی بنیادوں پر زندگی گزارنے کو مشکل سمجھتے ہیں اور عمر بھر غیر اسلامی زندگی گزارنے کے بعد سوچ سمجھ کر بلی حج کو چلی والی مثال کو عملی جامہ پہنا کر زندگی بھر کے گناہوں سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لیے حج کو ایک شارٹ کٹ ذریعہ بنانا چاہتے ہیں۔حدیث کے مطابق حج مبرور سے انسان سارے گناہ سے ایسے پاک ہوجاتا ہے جیسے اس کی نئی پیدائش ہوئی ہو۔اسی فضیلت کو سامنے رکھ کر اور بعد کی زندگی جب دینی بنیادوں پر استوار کیا جائے تو اس پر مشقت سفر کی مسافت کو کم کرنے کے لیے زندگی کے آخری ایام کا انتخاب کیا جاتا ہے۔گویا کہ ہم طے کر چکے ہوتے ہیں کہ حج کے ذریعہ ہی ہم مسلمان بنیں گے اور اس کے بعد مختصر سی بچی زندگی اسلام کے مطابق گزار کر دنیا کو الوداع کہہ کر جنت کی راہ لے لیں گے۔

بڑھاپے میں حج کا نقصان یہ ہوتا ہے کہ ہر سال حج کی مشقتوں کا تاب نہ لاکر کچھ حجاج شہید ہو جاتے ہیں۔حج میں اموات کی اور بھی کئی وجوہات ہیں۔جن میں حجاج کی ذاتی بے احتیاطی اور اویرنیس کی کمی کا زیادہ عمل دخل ہوتا ہے، سواری کی سہولت ہونے کے باوجود کچھ حاجی پیدل چلنے کو اختیار کرتے ہیں، ایئر کنڈیشن خیمے کو چھوڑ کر کچھ لوگ باہر بھٹکتے رہتے ہیں، بھیڑ سے بچنے کے لئے سیکورٹی اہلکاروں کی تعلیمات کی خلاف ورزی کرنا اور حج انتظامیہ کی گائڈ لائن پہ عمل نہ کرنا بھی اموات کا سبب بنتے ہیں۔ احکام حج ورخصتوں کی قلت جانکاری اور مختلف ممالک کا اپنے حجاج کے تئیں کرپشن، کمزور سفارتی رول اور ذمہ داری کا عدم احساس بھی اموات کا سبب بنتے ہیں۔بیس لاکھ کے قریب حجاج کا ایک محدود جگہ میں حج ادا کرتے ہوئے سو پچاس حجاج کا لقمہ اجل بن جانا کوئی تعجب خیز بات نہیں۔ ہر سال اس طرح چند اموات واقع ہوتی ہیں۔تاہم حکومت سعودی عرب نے رہائش، ٹرانسپورٹیشن، طبی امداد، مقامات حج کی توسیع اور جدید ٹیکنالوجی کی جو بے مثال سہولیات فراہم کی ہیں اگر حکومتی گائیڈ لائن پر عمل کرتے ہوئے ان سہولیات سے صحیح استفادہ کیا جائے تو کافی حد تک اموات پر قابو پایا جاسکتا ہے۔پچھلے سالوں کی طرح امسال بھی زیادہ تر اموات ان لوگوں کی ہوئی ہیں جو بغیر پرمیشن کے حج پہ آجاتے ہیں جن کے پاس قسم کی سہولیات نہیں پائی جاتیں۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ جوانی میں حج کرنے کی مہم چلائی جائے، حج پر آنے سے پہلے احکامات حج کی مکمل ٹریننگ دی جائے خاص کر رخصتوں کی جانکاری دی جائے، ہر ملک کے مسلمان اپنے حج کمیشن کا محاسبہ کرے اور ان میں موجود کرپشن کو ختم کرنے کی کوشش کرے، لوگوں کے ذہن میں یہ بیٹھایا جائے کہ حج اور حجاج کی ذمہ داری نبھانا نہایت ہی مقدس عمل ہے۔لہذا اس مقدس ذمہ داری کو اسی احساس سے انجام دیا جائے۔ اگر ان سب چیزوں پہ دھیان دے دیا جائے تو ان شاءاللہ حج مزید خوشگوار، آسان اور حادثات سے پاک ہو جائے گا۔اللہ ہم سب کو اخلاص کے ساتھ اپنی اپنی ذمہ داری ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے آمین

# غافلوں کی خدا نہیں سنتا!

ریاض فردوسی۔9968012976

بستیاں جل جائیں، عورتیں بیوہ، بچے یتیم ہوجائے،
خدانہیں سنتا!
یہ فیصلہ ہے دین فطرت کا، غافلوں کی خدانہیں سنتا!
مسلمان قربانی کا حوصلہ ومقام رکھتا ہے
تاریخ کے قدم قدم پہ لہو کا نشان رکھتا ہے

اس پر خطر دور میں ہر جگہ، ہر سمت میں بسنے والا انسان مسلمانوں سے بے زاری کا اظہار کررہا ہے (الا ماشاء اللہ) دینِ اسلام کو روارض سے مٹانے کی مہم ہر سازشوں کے ساتھ جاری ہے۔

شام کی در و دیوار مسلمانوں کے خون سے لال ہو چکی ہے، فلسطین میں مسلمانوں کا خون مشرکوں اور ظالموں نے حلال کر لیا ہے، میانمار کی فضاء مسلمانوں کی آہ بکاں سے گرد آلود ہو چکی ہے، لیبیا میں ہم پر طرح کی مصیبتوں کا نزول ہوا، بنگلہ دیش، بھارت اور افغانستان میں بھی ہم پر ظلم کئے گئے اور اب بھی ظلم وستم کا سلسلہ جاری وساری ہے، سرزمین عراق ہمارے بھائیوں اور بہنوں کے خون سے سرخ ہو چکی ہے،

غرضیکہ پچھلے کچھ سالوں سے ہر جگہ پر صرف مسلمان ہی نشانے پر ہیں،

دور حاضر میں مسلمانوں پر طرح کی، ہر قسم کے ظلم وستم کے پہاڑ توڑے جا رہے ہیں، مسلمانوں کی زوال کی داستان جو کچھ سال قبل شروع ہوئی اپنے عروج کی داستانیں لکھنے کے بعد اپنے ہی ہاتھوں سے انحطاط کا شکار ہوگئی۔ ہم کسی دوسرے کو اس تنزلی کا مورد الزام نہیں ٹھہرا سکتے۔ یہ گرہیں ہم نے خود اپنے ہاتھوں سے لگائیں اور انہیں خود ہی کھولنی پڑیں گی۔ اس کی بنیادی وجہ اتفاق واتحاد میں کمی، اخلاقی گراوٹ، دانشوری وسائنس میں عدم دلچسپی، منافق بازی، وعدے کی پاسداری نہ کرنا، دین میں نئی اختراع ومن پسند کو اپنی زندگی میں لاگو کرنا، تجارت میں دھوکہ دہی، انصاف کا قتل عام، جھوٹی گواہی دینا، معاشرے کو قرآن کے قوانین پر استوار نہ کرنا، تعلیم میں فقدان، اشیاء میں گراوٹ وناپ تول میں کمی، عوام کا استحصال، حقوق کی پامالی، میرٹ کا قتل عام اور سب سے بڑھ کر کتاب اللہ سے دوری ہے۔

مسلمان ایک آفاقی تہذیب جس میں ہر رنگ ونسل وخطے کے لوگ مساوی حقوق کی بنیادوں پر اپنے اقلیتوں کے ساتھ رواداری کا سبق دیتے اپنی ترقی کا علم سربلند کیے رہے تو دنیا ان کے زیرنگیں رہی۔ محنت ومشقت جن کا خاصہ تھا، علمی ترقی، فنون لطیفہ، آرٹ، قرآن کی روشنی میں کائنات پر کمندیں ڈالنے والے ہمارے آباؤ اجداد تھے لیکن ہم کیا ہیں؟ ہم اقوام عالم میں کس جگہ کھڑے ہیں ہمارا کیا مقام ہے یہ سوال اہمیت کا حامل ہے۔

مسلمان علماء کی طرف سے اس مصیبت سے نجات حاصل کرنے کے لئے امت مسلمہ کی نجات اور دشمنان اسلام کے ذلیل ورسوا ہونے کے لئے پوری امت مسلمہ نے جگہ جگہ پر قنوت نازلہ کا بھی اہتمام کررہی ہے، یہاں تک کہ پاک ومقدس سرزمین حرمین وشریفین سے بھی مسلسل دعائیں کی جارہی ہے مگر ہائے افسوس ہم مسلمانون کی بدنصیبی وبدبختی دیکھئے کہ نہ تو ہمارے حالات بدل رہے ہیں اور نہ ہی ہماری دعائیں قبول کی جارہی ہے اور نہ ہی ہمارے اوپر سے مصیبتوں کے بادل چھٹ رہے ہیں،

آخر کیا وجہ ہے کہ ہمارے لئے اتنی زیادہ دعائیں کی جارہی ہیں اور ہم سب خود اپنے رب سے گریہ وزاری کررہے ہیں مگر نہ تو ہماری دعائیں قبول ہورہی ہیں اور نہ ہی ہماری حالتیں بدل رہی ہیں اور نہ ہی ہم مسلمانوں کی مصیبتیں دور ہورہی ہیں، ہم مجبور ولاچار، بے بس ہیں مگر پھر بھی ہماری فریادرسی نہیں ہورہی ہے جب کہ اللہ کا یہ وعدہ ہے کہ میں ہر مصیبت زدہ کی پکار کو سنتا ہوں اور اس کی مصیبتوں کو دور کردیتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ سب کی دعائیں قبول کرتا ہے، لیکن مضطر کی درخواست میں زیادہ طاقت اور خضوع وخشوع ہے اسلئے استجابت دعا کے لئے اضطرار کو شرط ہے۔ اضطرار انسان کی حقیقی طلب کی نشانی ہوتی ہے۔ مضطر اس شخص کو کہا جاتا ہے جو کسی شدید پریشانی یا مصیبت کی وجہ سے اللہ سے پناہ مانگے اور غیر اللہ سے مکمل ناامید ہوجائے۔ اللہ تعالیٰ مجبوروں اور لاچاروں کی فریاد سنتا اور ان کی دادرسی فرماتا ہے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایسی حالت میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا کرنے کا ایک طریقہ سکھایا ہے، چنانچہ حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجبور کی دعا کے بارے میں فرمایا (کہ وہ یوں دعا مانگے:) ''اَللّٰہُمَّ رَحْمَتَکَ اَرْجُو فَلَا تَکِلْنِی اِلٰی نَفْسِی طَرْفَۃَ عَیْنٍ وَاَصْلِحْ لِی شَاْنِی کُلَّہٗ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ'' یعنی اے اللہ! میں تیری رحمت کا امیدوار ہوں، تو مجھے آنکھ جھپکنے کی دیر بھی میرے نفس کے حوالے نہ کرنا اور میرے سارے کام درست فرما دے، تیرے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے۔ (مسند ابوداود طیالسی، ابوبکرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، ص۔117، الحدیث: 869)

مجبور اور لاچار مسلمان تو خاص طور پر یہ دعا مانگے جبکہ عمومی طور پر ہر مسلمان کو یہ مبارک دعا بکثرت مانگنی چاہئے کیونکہ اللہ تعالیٰ کی رحمت کا اور اپنے نفس کے حوالے نہ ہونے کا ہر مسلمان حاجت مند ہے اور اپنے کام درست ہونے کا ہر مسلمان طلبگار ہے۔

کیا ہماری فریادوں میں، دعاؤں میں، آہ وبکاں میں اضطراری کیفیت ہے؟

دعا سے قبل پوری توجہ کے ساتھ توبہ النصوح فرض ہے۔

اللہ کو پکارتے وقت، گریہ وفریاد کرتے وقت، دعا کرتے ہوئے ریاکاری سے گریز کیا جائے۔

کیا ہمارے اعمال ریاکاری سے خارج ہیں؟

ہم دین کا صرف لبادہ اوڑھے ہوئے ہیں، سارے کام غیر اخلاقی اور غیر مذہبی کرتے ہیں۔ ہم مذہب کو صرف دکھاوے کے طور پر استعمال کرنا جانتے ہیں، ایک مسلمان بھی شائد ہی اللہ کے لئے کوئی نیک عمل کرتا ہو؟

ہماری دعاؤں میں اخلاص کی کمی ہے۔ اخلاص کے ساتھ دعا کرنے والے کو یہ نظریہ ضرور رکھنا چاہئے کہ صرف اللہ تعالی کو ہی پکارا جاسکتا ہے، اور وہی اکیلا تمام ضروریات کو پورا کرسکتا ہے۔

کتاب اللہ کی روشنی میں عاجزی، انکساری، خشوع، وخضوع، قبولیت کی امید اور دعا مسترد ہونے کا خوف، حقیقت میں دعا کی روح، دعا کا مقصود، اور دعا کا مغز ہے۔

پانچ شرائط!

(1) دعا مانگنے والا عبادت گزاروں کے گروہ میں شمار ہوتا ہے کہ دعا فِی نَفْسِہٖ یعنی بذاتِ خود عبادت بلکہ عبادت کا مغز ہے۔

(2) جو شخص دعا کرتا ہے وہ اپنے عاجز اور محتاج ہونے کا اقرار اور اپنے پروردگار عَزَّ وَجَلَّ کی قدرت اور کرم کا اعتراف کرتا ہے۔

(3) دعا مانگنے سے شریعتِ مطہرہ کے حکم کی بجا آوری ہوگی کہ اللہ تعالیٰ نے اس کا حکم دیا اور دعا نہ مانگنے والے پر حدیث میں وعید آئی۔

(4) سنت کی پیروی ہوگی کہ حضورِ اقدس صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ دعا مانگا کرتے اور اوروں کو بھی تاکید فرماتے۔

(5) دعا سے آفات و بَلِیّات دور ہوتی ہیں اور مقصود حاصل ہوتا ہے۔ (فضائل دعا، فصل اول، ص۔54۔55، ملخصاً)

اپنے رب کو پکارو گڑگڑاتے ہوئے اور چپکے چپکے' یقینا وہ حد سے گزرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ زمین میں فساد برپا نہ کرو' جبکہ اس کی اصلاح ہوچکی ہے اور خدا ہی کو پکارو خوف کے ساتھ اور طمع کے ساتھ یقینا اللہ کی رحمت نیک کردار لوگوں سے قریب ہے۔

خوف اس لئے کہ تم اس کے غضب سے بچ جاؤ اور طمع اس لئے کرو کہ وہ تم سے راضی ہوگا اور اجر دے گا۔ جو لوگ اللہ کی عبادت کرتے ہیں اور اس طرح کرتے ہیں کہ گویا اللہ کو دیکھ رہے ہیں اور اگر وہ اسے دیکھ نہیں رہے تو ان کی حالت ایسی ہو کہ وہ سمجھتے ہیں کہ اللہ انہیں دیکھ رہا ہے۔ جیسا کہ حدیث کے مضمون میں آتا ہے تو یہ ہے احسان۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعریف کے مطابق۔

ایک بار پھر قرآن کریم اس کھلی کائنات کا ایک دوسرا ورق انسان کے مطالعے کیلئے الٹتا ہے۔ یہ ورق تو ہمارے سامنے ہر وقت کھلا رہتا ہے لیکن ہم غفلت میں اس کے پاس سے گزر جاتے ہیں ہیں ہم اس سے کوئی تاثر نہیں لیتے، ہم اس کی پکار کو نہیں سنتے۔ یہ وہ صفحہ ہے کہ آیت سابقہ میں رحمت الہیہ کے ضمن میں اس کی طرف اشارہ کردیا گیا ہے۔ یہاں رحمت الہیہ کے ایک نمونے کے طور پر اسی صفحے کو کھولا جارہا ہے۔ آسمانوں سے پانی گر رہا ہے' زمین سے مختلف قسم کی فصلیں اگ رہی ہیں اور زمین مرنے کے بعد دوبارہ جی اٹھتی ہے یعنی سرسبز ہوجاتی ہے۔

مسلمانوں مت گھبراؤ، ناامیدی کفر ہے،

دعاؤں کی قبولیت کے لئے اللہ کے حرام کردہ کاموں کا ارتکاب کیا جائے، کھانے، پینے، پہننے، جائے اقامت اور سواری میں حرام مال استعمال ہو، ہمیشہ سچائی کا ساتھ دیں، جھوٹی گواہی نہ دیں، کسی عالم میں بھی، کسی ماحول میں بھی حق کا دامن نہ چھوڑے،

ذریعہ آمدنی حرام کاموں پر مشتمل نہ ہو، دلوں پر گناہوں کا زنگ چڑھا ہوا نہ ہو، دین میں بدعات کا غلبہ نہ ہو، اور قلب پر غفلت کا قبضہ نہ ہو۔

ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم! آپ کس چیز کی طرف ہمیں بلا رہے ہیں؟ آپ نے فرمایا اللہ کی طرف جو اکیلا ہے جس کا کوئی شریک نہیں جو اس وقت تیرے کام آتا ہے جب تو کسی بھنور میں پھنسا ہوا ہو۔ وہی ہے کہ جب تو جنگلوں میں راہ بھول کر اسے پکارے تو وہ تیری رہنمائی کردے تیرا کوئی کھو گیا ہو اور تو اس سے التجا کرے تو وہ اسے تجھ کو ملا دے۔ قحط سالی ہوگئی ہو اور تو اس سے دعائیں کرے تو وہ موسلا دھار مینہ تجھ پر برسا دے۔

طائف سے اٹھو! مصر کے بازار سے نکلو!
آپس میں تعصب کی شبِ تار سے نکلو!

مدہوشی کی اب وادی پرخار سے نکلو!
قبلے کے لیے کعبے کی دیوار سے نکلو!

ایوبی کی عظمت کا بھرم ٹوٹ رہا ہے
فاروقی جلالت کا بھرم ٹوٹ رہا ہے

آخر میں!

حضرت ابوہریرہؓ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
ایک آدمی لمبا سفر طے کرتا ہے، اس کی حالت یہ ہے کہ اس کے بال بکھرے ہوئے ہیں، چہرہ خاک آلود ہے اور وہ (بیت اللہ پہنچ کر) ہاتھ پھیلا کر کہتا ہے: یاربّ! یاربّ! حالانکہ اس کا کھانا حرام کا ہے، اس کا پینا حرام کا ہے، اس کا لباس حرام کا ہے اور حرام سے اس کی پرورش ہوئی تو پھر اللہ تعالیٰ اس کی دعا کو کیسے قبول کرے۔ (مسلم: 1015)

ہر سمت مچلتی کرنوں نے اب شعلئے شب غم توڑ دیا
اب جاگ اٹھے ہیں دیوانے دنیا کو جگا کر دم لیں گے

یہ بات عیاں ہے دنیا پر ہم پھول بھی ہیں تلوار بھی ہیں
یا بزم جہاں مہکائیں گے یا خوں میں نہا کر دم لیں گے

سوچا ہے ریاض اب کچھ بھی ہو ہر حال میں اپنا حق لیں گے
عزت سے جئے تو جی لیں گے یا جام شہادت پی لیں گے

# عید غدیر اہل تشیع کا تہوار

تحریر: محمد تحسین رضا نوری شیر پور کلاں پورن پور پیلی بھیت

عصر حاضر میں علوم دینیہ سے ناواقفیت اور دنیاوی معاملات میں کثرت مداخلت کی وجہ سے خود کو اہل سنت والجماعت سے تعبیر کرنے والے کثیر افراد موقع عید غدیر پر خوشیاں مناتے اور ہدیہ تبریک پیش کرتے نظر آتے ہیں۔ عید غدیر کا پس منظر جانے بغیر ہی بھائی چارگی کا ثبوت دیتے ہوئے وہ اہل تشیع کے ہمراہ ہولیتے ہیں۔ اور اُن کے باطل عقائد ونظریات، افعال و کردار سے متاثر ہوکر معاذ اللہ اپنا ایمان کھو بیٹھتے ہیں، کیوں کہ یہ تہوار منانے کی وجوہات میں سے سب سے بڑی وجہ اجلہ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سے بغض وعناد ہے۔ اس عید غدیر کا بانی عراقی شیعہ "حاکم معز الدین احمد بن ابویہ دیلمی" ہے، جس نے سب سے پہلے رافضیوں کے ساتھ ۱۸ ذی الحجہ ۳۵۲ء کو بغداد میں عید غدیر منائی۔

آیئے جانتے ہیں کہ عید غدیر کیوں منائی جاتی ہے؟

عید غدیر کیا ہے؟

یاد رکھیں! عید غدیر اہل تشیع کا ایک بہت بڑا تہوار ہے جس کو وہ عید اکبر کے نام سے بھی یاد کرتے ہیں۔ اُن کے نزدیک اس کے منانے کی ایک وجہ یہ ہے کہ اس دن حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو خلافت بلافصل عطا ہوئی۔ اور دوسری وجہ یہ ہے کہ اس دن یعنی ۱۸ ذی الحجہ کو خلیفہ سوم حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالی عنہ کا وصال ہوا۔

اہل تشیع کے یہ جملہ نظریات عقائد اہل سنت والجماعت کے خلاف ہیں۔ اس کا علماء ومحدثین نے رد بلیغ فرمایا، جس کے کثیر جوابات ہیں المختصر یہاں اتنا سمجھیے کہ یہ نظریہ حدیث غدیر کے خلاف ہے۔

اولاً تو یہ سمجھیے کہ حجۃ الوداع کے موقع پر کثیر افراد کی موجودگی میں حضور علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے خلیفہ کا اعلان نہیں فرمایا تو واپسی پر غدیر خم پر چند افراد کی موجودگی میں کیسے خلیفہ کا تعین کرسکتے ہیں؟

اصل واقعہ کچھ اور ہے مختصر یہ سمجھیے کہ صحابہ کرام کے مابین مال غنیمت کو مولائے کائنات حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے تقسیم فرمایا جو کہ چند صحابہ کرام کو ناگوار گزرا۔ غدیر خم پر صحابہ نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے حضرت علی کی شکایت کی۔

تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا: "اے بریدہ! کیا علی کے تقسیم مال پر تم رضامند نہیں ہو؟ حضرت بریدہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: نہیں۔ تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ: "علی سے ناگواری کا اظہار نہ کرو اس لیے کہ جتنا اُنہوں نے مال غنیمت لیا ہے اُن کا حق اس سے کہیں زیادہ ہے"۔ حضور کے اتنا فرمانے کے بعد میری اور جملہ صحابہ کی ناگواری ختم ہوگئی۔

اس کے بعد حضور علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے ارشاد فرمایا: "من کنت مولا فعلی مولاہ" میں جس کو محبوب ہوں وہ علی کو بھی محبوب ہے۔ یعنی علی سے ناگواری ختم کرے۔ (بُخاری شریف)

یہ ہے حدیث غدیر کا صحیح پس منظر، جس کو اہل تشیع نے کہاں سے کہاں پہنچا دیا۔ اس حدیث سے یقیناً حضرت مولائے کائنات کی افضلیت ثابت ہوتی ہے لیکن اس سے مراد خلافت بلافصل مراد لے لینا سراسر جہالت ہے۔ یہ کوئی عید ہی نہیں ہے کیوں کہ حضرت علی خلیفہ بلافصل نہیں بلکہ چوتھے خلیفہ ہیں۔

اور ثانیاً حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر ان شیعہ مکاروں نے طرح طرح کے الزامات لگائے جو کہ باطل مردود ہیں۔ جس کی وجہ سے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے وصال پر اہل تشیع خوشی کا اظہار کرکے عید غدیر مناتے ہیں۔

اس طرح کی عیدیں جس کا سرے سے کوئی ثبوت ہی نہیں، جس کے منانے سے صحابہ کرام کی گستاخی لازم آئے ایسی عید کا منانا یا کسی شیعہ کی خوشی میں شریک ہونا ناجائز وگناہ ہے۔ لہٰذا اہل سنت والجماعت کے جملہ افراد سے گذارش ہے کہ اس طرح کی تقریبات میں شرکت کرنے سے لازمی بچیں۔ اور اپنے گھر والوں کو بھی محفوظ رکھیں۔ ربِّ کریم ہمارے ایمان وعقیدے کی حفاظت فرمائے۔ آمین یارب العالمین بجاہ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

# دل ونگاہ مسلماں نہیں تو کچھ بھی نہیں

(اشتیاق ایوبی)

قسط-1




اسلام، مسلمان، مسلم ادارے، جماعت، تنظیم، تحریک، تبلیغ، حکمرانی نیز تمام ترکبیر وصغیر ملی مسائل سے متعلق ہمہ دم سینۂ سپر رہنے والے حق بردار اہل حق اپنے ابتدائی دور یعنی دور نبوی سے دور صحابہ تک دور صحابہ سے کربلا تک اور دور کربلا سے واقعہ حرہ تک اور واقعہ حرہ سے حضرت منصور وسرمد کے برسر تختہ دار تک اور تب سے آج تک حق کہنے، حق لکھنے، حق سوچنے، برسرحق صرف اور صرف حق کی تائید وتبلیغ کرنے والے ہمیشہ ہی باطل پرست آمروں، غاصبوں، فریب عمل بازیگروں، سیاسی فاشسٹوں اور سیاسی ٹھگوں کے زرخرید غلاموں اور قصیدہ گر ملعونوں کی نوک شمشیر کا نشانہ رہے ہیں۔

ایسا ہونا یا ایسا کرنے والوں کے تیر کا نشانہ بننے کی روایت رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم سے آج تک جاری ہے اور روز قیامت تک جاری رہیگی۔ آخر خداوند قدوس کی بارگاہ سے نکالے گئے ملعون شیطان نے بندوں کو اپنا شاگرد بنانے کا جو دعویٰ کیا تو اس کے دعوے کے ثبوت میں تجرباتی سطح پر جماعت آدمیت سے شیطانی پیروکاروں اور شیطانیت کی راہ اختیار کرنے والوں کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ یہ سلسلہ روز قیامت تک جاری رہیگا۔ شیطان کے گستاخ دعوؤں کے جواب میں اللہ رب العزت کا اپنے نیک بندوں اور شیطانیت کے مقابل جرات سرمدی کے ساتھ حق پر قائم رہنے والے حق برداروں کو اپنی قباء خاص کے زیر سایہ لیکر اہل حق کو نصرت وتحفظ فراہم کرنے کا سلسلہ بھی تب سے اب تک جاری ہے اور روز قیامت تک جاری رہیگا۔ درج بالا سطور بطور تمہید درج ورقم کرنے کا اصل باعث وسبب یہ ہے کہ میرے چند دوستوں اور چاہنے والوں نے فون کرکے کہا کہ دیگر واٹس گروپ میں جو عہدہ صدارت کے امیدواروں اور پینل کی نشر واشاعت کے لئے مختلف گروپ کے ذریعہ واٹس ایپ گروپ تشکیل دیئے گئے ہیں۔ ان سارے گروپ میں میرے خلاف جھوٹی اور تنقیص آمیز باتیں لکھی جارہی ہیں۔ مجھے میرے رفیقوں نے کہا کہ آپ کو جواب دینا چاہئے۔

ہم نے اپنے دوستوں کی آگاہی پر جواب دیتے ہوئے کہا کہ میرے خلاف لکھی جارہی باتوں کو آپ خود جھوٹ اور شیطانی تنقیص قرار دے رہے ہیں تو آپ کا اسے جھوٹ اور ملعون عمل تسلیم کرنا ہی اصل جواب ہے۔

دوسرے یہ کہ ان تمام واٹس ایپ گروپ میں ہمارا کسی گروپ سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ نہ ہی میں اپنے واٹس ایپ گروپ کے علاوہ کسی دوسرے گروپ میں ہوں۔

لھذا میرے خلاف کیا لکھا جارہا ہے نہ تو میں اسے دیکھ یا پڑھ پا رہا ہوں۔ لھذا جگ ظاہر ہے کہ وہاں نہیں ہونے کے باعث جواب دینے کا متحمل بھی نہیں ہوں۔



سچ یہ بھی ہے کہ اگر میں ہوتا تو اسلامک سینٹر کے چند امیدواروں کے زرخرید دو ٹکے کے درباری ملازموں کو مطلق سوال وجواب کے لائق نہیں گردانتا کیونکہ انھیں گردانںنے کے لائق سمجھتا ہی نہیں۔ وہ تمام درباری ملازم روزی روٹی کے محتاج لوگ ہیں جنہیں چند نوزائیدہ سرمایہ دار امیدواروں نے روزی روٹی دیکر جو کام انھیں سونپ رکھا ہے۔ وہ سبھی بیچارے وہی کرینگے جس کی انھیں اجرت مل رہی ہے۔ اب وہ دروازے پر باندھے گئے ہیں تو وفاداری کا اظہار لازمی ہے ہم جیسے لوگ ان پیشہ ور غلاموں کے چند فریب عمل مالکان کو کسی لائق نہیں گردانتے تو ان کے حاشیہ بردار ٹولے اور ملازموں کی کیا بساط ہے کہ ہم انھیں ترجیح دیں۔

آپ پوچھیں گے کیوں؟

دراصل بہتان طرازی کرانے والے چند مالکوں اور ان کے غلاموں کو ترجیح نہ دینے یا لائق توجہ تسلیم نہیں کرنے کہ اصل اسباب درج ذیل ہیں۔

1- اللہ نے یہ فضل کیا ہے کہ میں دو طرح کا اشتیاق نہیں ہوں۔ اللہ کے فضل سے ایک ہی طرح کا اشتیاق ہوں۔

میں بچپن سے حق کہنے، حق لکھنے، حق سوچنے کے علاوہ حق برداری اور حق کی پاسداری کا عادی ہوں۔ یہی میری اصل پہچان ہے۔ جس کے قائل میرے دوست بھی ہیں اور میرے دشمن بھی ہیں۔

اللہ کا فضل ہے کہ میرے بچپن کی زندگی سے اسکول وکالج کی زندگی تک اور اسکول کالج کی زندگی سے ملی، سماجی، سیاسی، اداراتی، تنظیمی، اجتماعی، انفرادی، معاشرتی، مجلسی، تحریکی، تبلیغی، مزہبی، اور صحافتی زندگی کے عملیاتی طرز وطریق کو متاثر کرنے یا مجھے اپنی حق بردار لیک سے ہٹانے والا آج تک نہ کوئی سرمایہ دار پیدا ہوا، نہ کوئی طاقتور پیدا ہوا، نہ کوئی سیاست داں پیدا ہوا، نہ کوئی فتنہ گر پیدا ہوا۔

جس سے کہ وہ اپنی سرمایہ داری، اپنے سیاسی رسوخ، اپنی طاقت، اپنی فتنہ انگیزی کے زیر اثر مجھے لاسکے یا مجھے ڈرا سکے، یا مجھے حق پسند وحق پرست لیک سے ہٹا سکے یا مجھے کسی بھی مسائل پر میرے حق شناس اصل موقف وتحریک سے روک سکے۔

اب پھر سوال کرینگے کہ ایسا کیوں تو میرا جواب یہ ہے کہ میں صرف رب سے ڈرنے کا عادی ہوں، سب سے نہیں ڈرتا۔

میں رسول رب، اصحاب رسول کے علاوہ صوفیاء اہل حق کے حق پرور طرز وطریق کو شعار حیات بنانے کا قائل ہوں۔ اس پر قائم ہوں اور ان شاء اللہ خود کو قائم رہنے اور رکھنے کی ہر ممکن کوشش کی جدوجہد میں مصروف عمل رہنا ہی میرا شعار وطریق حیات ہے۔ جس کے سبب میرے دوست معدود چند ہیں اور بے سبب بغض وعناد کے خوگر میرے چہار جانب ہیں۔

دشمن لاکھ سہی لیکن نہ مجھے کل کوئی خوف تھا۔ نہ آج کوئی خوف ہے اور نہ کبھی ہوگا۔ یہ عناد وبغض کے مجسمے ہمیشہ ٹھوکروں کی نذر رہے ہیں اور رہینگے۔ سچ یہ ہے کہ عصر حاضر کے باطل پرستوں اور ان کے زرخرید غلاموں کے اتہام وبہتان میں اتنا دم نہیں کہ وہ مجھے اپنی ساری طاقت بھی لگا کر مجھے زیر کرسکیں۔ کیونکہ یہ حقیر واحقر جسے آپ اشتیاق ایوبی کے نام سے واقف ہیں۔ اللہ کے فضل سے صحیح النسل اور اعلیٰ ظرف اہل حق صوفیاء اور زعماء کے خاندان ونسب سے ہے۔ میری رگوں میں دوڑنے والا خون اہل حق کا ہے۔ جس خون کی فتح ونصرت اور بالادستی قائم ودائم رکھنے یا تحفظ وسلامتی فراہم کرنے کی ذمہ داری میرے رب اور اہل حق کے سپرد ہے۔ اللہ کے فضل سے مجھے شکست دینا تو دور بہت دور ہے بلکہ دور عصر میں انڈیا اسلامک سینٹر کو نورا کشتی کا اکھاڑہ بنانے والے فریب عمل اور ننگ نیت چند معروف غاصبوں اور ان کے درباری غلاموں کے بس اور بساط میں مطلق نہیں ہے اور نہ ہی ان شاء اللہ کبھی ممکن ہوگا۔ مجھے برا کہنے والے یا ہم پر جھوٹا بہتان کرنے والے یا میری تضحیک وتنقیص کرنے والوں نے یہ سب کچھ کہنے یا کرنے کے لیے جس محاذ ومعرکے کو ذریعہ بنایا ہے۔ دراصل وہ محاذ ومعرکہ انڈیا اسلامک کلچرل سینٹر کا حالیہ الیکشن ہے اور ان تمام حاسدوں کی اسلامک سینٹر پر الیکشن کے ذریعہ قبضہ ودخل حاصل کرنے کی سازشی جستجو ہے۔ ان تمام شر پسندوں کی پریشانی کا سبب یہ ہے کہ ہمارے جیسے بہت سارے لوگ اسلامک سینٹر کو نکموں اور غاصبوں کا اڈہ بننے سے روکنے کی وہ تمام کوششیں کررہے ہیں جو کہ سینٹر کی بقاء وسلامتی کے لئے کرنا چاہئے۔ کیا یہ سچ نہیں ہے کہ کسی بھی اسلامی ادارے، مراکز، یا تنظیم پر دسترس یا عہدہ بری حاصل کرنے کے لئے قول وعمل اور فعل وفطرت کے تحت باعمل مسلم ہونا شرط ہے۔ مسلم کردار وعمل اور قول وفعل کی پیکری حاصل کرنے یا قیادت وصدارت کے لئے سچ کہنا، سچ لکھنا، سچ سوچنا، سچ پر قائم رہنا، سچائی، ایمانداری، دیانت داری، ذمہ داری کے علاوہ سچ کی تائید وحمایت قران وسنت کی عین پیروی کے مطابق اختیار کرنا شرط ہے۔ اگر اقتدار وصدارت کے علاوہ دیگر عہدوں کے خوگر بھی ایسا نہیں کرسکتے یا خود کو ایسا ثابت نہیں کرسکتے یا خود کو سچ کے سانچے میں نہیں ڈھال سکتے یا ایمانداری اور دیانت داری کا حق ادا نہیں کرسکتے تو پھر ایسے تمام لوگ بھی حکیم الامت شاعر مشرق علامہ اقبال کے اس شعر کے مانند ہیں کہ:

خرد نے کہہ بھی دیا لا الہ تو کیا حاصل
دل ونگاہ مسلماں نہیں تو کچھ بھی نہیں

(باقی آئندہ قسط)

